اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2016ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- سبق ''سفارش'' میں فیکا کیا کام کرتا تھا:

(a) ڈرائیوری (b) کوچوانی ✓
(c) مزدوری (d) کلرکی

2- مطلع کے دونوں مصرے لازماً ہوتے ہیں:

(a) ہم ردیف (b) مربوط
(c) ہم قافیہ وہم ردیف (d) ہم قافیہ ✓

3- 'رخسار پھول کی مانند ہیں' اس جملے میں حرفِ تشبیہ ہے:

(a) رخسار (b) پھول
(c) پھول کی مانند (d) مانند ✓

4- جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا اس شعر میں ردیف ہے:

(a) تاجوری (b) نوحہ گری
(c) کا ✓ (d) یاں

5- ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد کہاں کے رہنے والے تھے:

(a) مصر (b) اندلس ✓
(c) عراق (d) شام

6- کسی شعر یا عبارت میں کسی مشہور واقعے یا قصے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہتے ہیں:

(a) تلمیح ✓ (b) استعارہ

(c) روزمرہ (d) تشبیہ

7- فٹ بال ---- پسندیدہ کھیل ہے:

(a) میری (b) میرا ✓

(c) میرے (d) ہماری

8- یہ میرے دوست ---- قلم ہے:

(a) کا ✓ (b) کی

(c) کے (d) کو

9- "پطرس کے مضامین" چھپ ---- ہے:

(a) گیا (b) گئے

(c) گئی ✓ (d) گئیں

10- حامد نے اونٹ کو نکیل ----:

(a) ڈالے (b) ڈالو

(c) ڈالا (d) ڈالی ✓

11- تلمیح کے لفظی معنی کیا ہیں:

(a) اشارہ کرنا ✓ (b) ادھار دینا

(c) مانند قرار دینا (d) ہم شکل

12- وہ الفاظ جو قافیے کے بعد بار بار آتے ہیں، کیا کہلاتے ہیں:

(a) مطلع (b) مقطع

(c) قافیہ (d) ردیف ✓

13- دس روپے ---- گوند لاؤ:

(a) کا ✓ (b) کی

(c) کے (d) کو

14- قافیہ کی بنیادی شرط کیا ہے:

(a) ہم آواز الفاظ ✓ (b) ہم شکل الفاظ

(c) ہم ردیف (d) ہم مرتبہ الفاظ

15- سبق ''اوورکوٹ'' میں نوجوان نے بلی سے کیا کہا:

(a) ہیلو (b) پور لٹل سول ✓

(c) سوری (d) تھینک یو

16- میرے چاند! اب بیٹھ کر سبق یاد کرو' اس جملے میں کون سی ادبی اصطلاح موجود ہے:

(a) استعارہ ✓ (b) تشبیہ

(c) تلمیح (d) محاورہ

17- سبق ''اور آنا گھر میں مرغیوں کا'' کے حوالے سے مرغی کا صحیح مقام کہاں ہے:

(a) کھیت اور ڈربہ (b) گھر اور مرغی خانہ

(c) صحن اور غسل خانہ (d) پیٹ اور پلیٹ ✓

18- استعارہ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے:

(a) دو (b) تین ✓

(c) چار (d) پانچ

19- غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو' کیا کہلاتا ہے:

(a) مطلع (b) مقطع ✓

(c) ردیف (d) قافیہ

20- ''سفارش'' کے مصنف کا نام کیا ہے:

(a) مشتاق احمد یوسفی (b) پریم چند

(c) شفیع عقیل (d) احمد ندیم قاسمی ✓